**12.11.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................. آسیہ میمونہ

**Music**

☆ جھارکھنڈ میں کُل اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے میں 43 حلقوں میں پولنگ ہوگی۔ خوش اسلوبی کے ساتھ پولنگ کرانے کیلئے سکیورٹی فورسز کی 200 سے زیادہ کمپنیاں تعینات کی گئی ہیں۔

☆ مہاراشٹر میں اسمبلی انتخابات کی چناؤ مہم زور شور سے جاری ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ لیڈر ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے بھرپور کوشش کررہے ہیں۔

☆ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے محاذ آرائی کے ابھرتے ہوئے خطرات سے نمٹنے کی خاطر مخصوص نوعیت کی دفاعی حکمتِ عملی پر زور دیا ہے۔

☆ موجودہ مالی سال کے دوران 10 نومبر تک براہ راست ٹیکسوں کی مجموعی وصولیابی 15 اعشاریہ چار ایک فیصد بڑھ کر 12 لاکھ گیارہ ہزار کروڑ روپے تک پہنچ گئی ہے۔

☆ اور آج بہار کے راج گیر میں خواتین کی ایشیائی ہاکی چیمپئنس ٹرافی میں بھارت کا مقابلہ جنوبی کوریا سے ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے............

**Jharkhand Election**

جھارکھنڈ میں پہلے مرحلے کے اسمبلی انتخابات کے لیے وسیع انتظامات کیے گئے ہیں۔ اِس مرحلے کے تحت کُل 43 حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ پولنگ عملے کو اُن کے متعلقہ علاقوں میں بھیجا جارہا ہے۔ ریاست کے 225 حساس بوتھوں پر پولنگ اہلکار پہلے ہی پہنچ چکے ہیں۔ اِن پولنگ اہلکاروں اور چناؤ سے متعلق سازوسامان کو پہنچانے کے لیے بھارتی فضائیہ کے ہیلی کاپٹرس کو کام پر لگایا گیا ہے۔ ریاست بھر میں 15 ہزار 344 پولنگ مراکز قائم کیے گئے ہیں۔ خوش اسلوبی کے ساتھ پولنگ کو یقینی بنانے کے لیے سیکورٹی فورسز کی 200 سے زیادہ کمپنیوں کو تعینات کیا گیا ہے۔ پولنگ صبح سات بجے شروع ہوگی اور شام پانچ بجے تک جاری رہے گی۔

البتہ 31 سے زیادہ حلقوں میں پھیلے 950 حساس بوتھوں پر پولنگ شام چار بجے تک ہی ہوگی۔ ایک کروڑ 37 لاکھ سے زیادہ رائے دہندگان 73 خواتین سمیت 683 امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔

دوسرے مرحلے کے تحت 38 حلقوں میں اس مہینے کی 20 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو کی جائے گی۔

جھارکھنڈ کے چیف الیکٹورل آفیسر، کے روی کمار نے کہا ہے کہ اسمبلی انتخابات کے اعلان کے بعد سے ریاست کے مختلف علاقوں سے غیرقانونی سازوسامان کے علاوہ 179 کروڑ روپے سے زیادہ کی نقد رقم ضبط کی گئی ہے۔

## Jharkhand Campaigning

جھارکھنڈ میں NDA اور I.N.D.I.A بلاک دونوں کے رہنما اُن علاقوں میں خصوصی توجہ دے رہے ہیں جہاں دوسرے مرحلے میں انتخابات ہوں گے۔ 38 حلقوں میں 20 نومبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

دھنباد کے جھریا میں ایک چناؤ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے بی جے پی کے سینئر رہنما اور وزیر داخلہ امت شاہ نے لوگوں سے ہیمنت سورین کی بدعنوان سرکار کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کی اپیل کی۔ انہوں نے کہا کہ اس سرکار کو ہٹانے کا یہی صحیح وقت ہے۔

Sindri کے مقام پر ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے سینئر رہنما اور وزیراعلیٰ ہیمنت سورین نے ووٹروں سے اپیل کی کہ وہ سوچ سمجھ کر ووٹ ڈالیں۔

کانگریس، آر جے ڈی، AJSU اور بائیں بازو کی پارٹیوں کے رہنما بھی ریاست کے مختلف علاقوں میں انتخابی ریلیوں سے خطاب کررہے ہیں۔

## Maharashtra

مہاراشٹر میں اسمبلی انتخابات کی چناؤ مہم زور شور سے جاری ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ لیڈر ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے بھرپور کوشش کررہے ہیں۔

وزیر اعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے چندرپور میں Chimur کے مقام پر ایک ریلی سے خطاب کیا۔ جناب مودی نے گذشتہ چند برسوں میں مہاراشٹر میں ہونے والے مختلف ترقیاتی اقدامات کو اجاگر کیا۔

اِدھر کانگریس کے لیڈر راہل گاندھی مہا وِکاس اَگھاڑی کے امیدواروں کی حمایت میں Buldhana اور Gondia میں دو ریلیوں سے خطاب کررہے ہیں۔

## Bihar Bypoll

بہار میں کُل چار اسمبلی حلقوں میں ضمنی انتخابات کے تحت پولنگ کرائی جائے گی۔ اِن میں امام گنج ، بیلا گنج، Tarari اور رام گڑھ حلقے شامل ہیں۔ پانچ خواتین سمیت 38 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔ ضمنی چناؤ میں 12 لاکھ سے زیادہ ووٹر اپنے حقِ

رائے دہی کا استعمال کرسکیں گے۔ اِس کے تحت گیا، بھوج پور اور Kaimur ضلعوں میں پھیلے ہوئے ایک ہزار 277 پولنگ مرکزوں پر ووٹ ڈالے جائیں گے۔ چاروں اسمبلی حلقوں میں سکیورٹی کے وسیع انتظامات کئے گئے ہیں۔ اِن میں سے تین حلقے فی الحال عظیم اتحاد کے پاس ہیں، جبکہ ایک حلقے میں NDA کا ممبر اسمبلی ہے۔

## Rajnath - Delhi Dialogue

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے محاذ آرائی کے بدلتے ہوئے منظرنامے اور سکیورٹی خطرات سے موثر طور پر نمٹنے کیلئے مخصوص نوعیت کی دفاعی حکمتِ عملی کی اہمیت کو اجاگر کیا ہے۔ وہ آج نئی دلّی میں دلّی دفاعی مذاکرات کے افتتاحی اجلاس میں اظہارِ خیال کررہے تھے۔ جناب سنگھ نے زور دے کر کہا کہ ایسا کرنا ایک ضرورت ہے۔

وزیر دفاع نے کہا کہ سرکار نے قومی سلامتی کے خلاف جانکاری کی جنگ کی لعنت سے نمٹنے کیلئے مخصوص نوعیت کی دفاعی حکمتِ عملی اختیار کرنے کا تہیہ کررکھا ہے۔ جناب راج ناتھ سنگھ نے زور دے کر کہا کہ ملک Cyberspace اور Artificial Intelligence کے شعبے میں ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجی پر لگاتار کام کررہا ہے اور اُس نے دفاع کے شعبے میں جدید طرز کی AI صلاحیت سازی کا عزم کررکھا ہے۔ ایک مضبوط اور خودکفیل دفاعی نظام تیار کرنے کیلئے سرکار کی جانب سے کئے گئے اقدامات کو اجاگر کرتے ہوئے، جناب راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ سرکار غیرملکی سپلائرس پر انحصار کم سے کم کرنے کیلئے اپنی صلاحیت اور قابلیت کو مزید بہتر بنانے پر توجہ مرکوز کررہی ہے۔

## Direct Tax Collection

موجودہ مالی سال کے دوران 10 نومبر تک براہ راست ٹیکسوں کی مجموعی وصولیابی 15 اعشاریہ چار ایک فیصد بڑھ کر 12 لاکھ گیارہ ہزار کروڑ روپے تک پہنچ گئی ہے۔ براہ راست ٹیکسوں کے مرکزی بورڈ کے مطابق پہلی اپریل سے 10 نومبر کے عرصے کے دوران دو لاکھ 91 ہزار کروڑ روپے کے Refunds جاری کئے گئے، جو گذشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے 53 فیصد سے زیادہ کے اضافے کی عکاسی کرتا ہے۔

## Prez. UT VIsit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو مرکز کے زیر انتظام علاقے دادر و نگر حویلی، اور دمن و دیو کا آج سے تین روزہ دورہ کریں گی۔ اپنے دورے کے پہلے دن صدر جمہوریہ دَمن میں واقع Jampore میں Aviary کے مقام پر جائیں گی اور گورنمنٹ انجینئرنگ کالج اور NIFT کیمپس کا معائنہ کریں گی۔ اپنے دورے کے دوسرے دن صدر جمہوریہ Silvasa میں NAMO میڈیکل ایجوکیشن اینڈ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ جائیں گی۔ اِس دورے کے دوران صدرجمہوریہ مختلف تعلیمی اداروں کے طلبا اور اساتذہ کے ساتھ بات چیت کریں گی۔ محترمہ دروپدی مرمو Silvasa میں Zanda چوک اسکول کا افتتاح کریں گی اور ایک عوامی تقریب سے بھی خطاب کریں گی۔ صدر جمہوریہ دیو میں INS Khukri میموریل بھی جائیں گی۔

## Indian Fishermen Arrest

سری لنکا کی بحریہ نے آج صبح سویرے ناگاپٹنم ضلعے میں Akkaraipettai سے 12 ماہی گیروں کو گرفتار کرلیا۔ اُن کی کشتی کو بھی ضبط کرلیا گیا ہے۔ یہ ماہی گیر Mullaitheevu کے نزدیک مچھلیاں پکڑ رہے تھے کہ تبھی سری لنکا کی بحریہ نے بین الاقوامی آبی حدود کی خلاف ورزی کرنے کے الزام میں انہیں حراست میں لے لیا۔ اِن ماہی گیروں کو پوچھ تاچھ کیلئے Matilatti بندرگاہ لے جایا گیا ہے۔ انہیں سرِدست جافنا کی جیل میں رکھا گیا ہے اور عدالت میں پیش کیا جائے گا۔

## Mauritius Polls

ماریشس میں، اپوزیشن لیڈر نوین Ramgoolam کا تیسری مدت کار کیلئے وزیرِاعظم بننا یقینی ہے۔ حالانکہ باضابطہ طور پر حتمی نتائج کا اعلان نہیں کیا گیا ہے۔ تاہم Ramgoolam کی قیادت میں Alliance of Change اتحاد پارلیمانی چناؤ میں زبردست جیت کی جانب بڑھ رہا ہے۔ جناب Ramgoolam نے میڈیا کے افراد کو بھی بتایا کہ ان کی پارٹی ایک زبردست جیت کی جانب گامزن ہے، لیکن پہلے سبھی ووٹوں کی گنتی کی جانی چاہئے۔

موجودہ وزیرِاعظم Pravind جگن ناتھ نے اپنی شکست تسلیم کرلی ہے اور کہا ہے کہ ان کے سیاسی اتحاد کو ایک بڑی شکست ہوئی ہے۔

ماریشس میں اگلے پانچ سال کیلئے 62 ارکان پارلیمنٹ کو منتخب کرنے کیلئے اتوار کو ووٹ ڈالے گئے تھے۔

## Women's Hockey

خواتین کی ایشیائی ہاکی چیمپئنس ٹرافی میں آج بھارت کا مقابلہ تین بار کی فاتح جنوبی کوریا سے ہوگا۔ یہ میچ بہار میں راج گیر ہاکی اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ کل بھارتی خواتین نے اپنے پہلے میچ میں ملیشیا کو چار گول سے ہرا دیا تھا۔ ملیشیا کی ٹیم کوئی بھی گول نہیں کرسکی۔

## Broadcasting Day

آج ملک میں پبلک سروس نشریات کا دن منایا جارہا ہے۔ یہ دن 1947 میں دلّی میں آکاشوانی کے اسٹوڈیو میں مہاتما گاندھی کے پہلے اور آخری بار آنے کی یاد میں ہر سال منایا جاتا ہے۔ بابائے قوم نے اُس وقت ، اُن بے گھر لوگوں سے خطاب کیا تھا، جو ملک کی تقسیم کے بعد ہریانہ کے کروکشیتر میں عارضی طور پر بس گئے تھے۔

☆☆☆